شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

07اپریل2023ء

پریس ریلیز

غزوۂ بدر حق کی راہ میں پہلا بڑا معرکہ تھا۔　(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): غزوۂ بدر حق کی راہ میں پہلا بڑا معرکہ تھا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ 17 رمضان المبارک 2 ہجری کو اللہ کے رسول ﷺ کی زیر قیادت 313 جانثارانِ اسلام نے عددی لحاظ سے تین گنا بڑی اور بھرپور اسلحہ سے لیس مشرکین مکہ کی فوج کو میدان جنگ میں للکارا اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جان کی بازی لگاتے ہوئے شجاعت اور بہادری کی عظیم ترین مثال قائم کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے حق و باطل کے مابین اس عظیم معرکہ میں مسلمانوں کو عظیم فتح عطا فرمائی اور بعد ازاں 6 برس کے قلیل عرصہ میں 8 ہجری کو رمضان المبارک میں ہی مسلمانوں نے مکہ فتح کر لیا جس کے بعد جزیرہ نما عرب میں اللہ کے دین کی مکمل حکمرانی قائم ہو گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ چودہ سو سال پہلے غلبۂ دین کے لیے کی جانے والی یہ ایمان افروز جدوجہد امتِ مسلمہ کے ہر فرد کے لیے مشعل راہ کا درجہ رکھتی ہے۔ آج مسلمان دنیا میں اس لیے مفلوج اور مغلوب ہیں کہ اُنہوں نے انفرادی اور اجتماعی سطح پر اللہ کے دین کو اپنانے اور نافذ و قائم کرنے سے گریز کیا ہے۔ ایمان کے اس ضعف اور قرآن و جہاد سے دوری کے سبب اللہ تعالیٰ نے دشمن کے دلوں سے مسلمانوں کا رعب نکال دیا ہے اور دنیا کے ہر کونے میں طاغوتی قوتیں مسلمانوں پر بدترین ظلم و ستم ڈھا رہی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امتِ مسلمہ غزوۂ بدر کی روح کو پھر سے بیدار کرے۔ فضائے بدر پیدا ہو گی تو اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت ہمارے شامل حال ہو گی اور ہم دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہو سکیں گے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 07 April 2023

"The battle of Badr was the first big stride towards the supremacy and prevalence of the Truth (Islam).

Lahore (PR): "The battle of Badr was the first big stride towards the supremacy and prevalence of the Truth (Islam).

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that on the 17th Day of Ramadan in the 2nd year of Hijrah, 313 Muslims (Companions *RA*) under the leadership of the Holy Prophet *(SAAW)* challenged an army of the polytheists three time their size and equipped to the teeth with weaponry, setting an illustrious example of courage and bravery for all times to come during the battle of Badr. Allah *(SWT)* granted Muslims a glorious victory in this great battle between Truth and falsehood and merely 6 years later the Muslims captured the city of Makkah during the holy month of Ramadan in the 8th year of Hijrah, thus paving the way for the imminent establishment of the Deen of Allah *(SWT)* in the Arabian Peninsula. The truth is that the mighty struggle waged for the establishment of the Deen of Allah *(SWT)* almost 1400 years ago is a beacon for every member of the Muslim Ummah. The Muslims are subjugated and paralyzed today because they have failed to enforce and establish the Deen of Allah *(SWT)* on the individual and collective levels. Allah *(SWT)* has removed the terror of the Muslims from the hearts of the disbelievers due to the weakness of faith and avoidance of the Quran and Jihad by them, and Muslims today are being oppressed and brutalized by the malevolent force all over the globe. The Ameer said that the need of the hour is to revive the spirit of the Battle of Badr. If the aura of 'Badr' is recreated, then Muslims may expect to receive the succor of Allah *(SWT)* and would become eligible for success in this world and the Hereafter.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan